衛生署
Department of Health

# گھریلو حفاظتی کتابچہ



## تعارف


ہر ایک کو محفوظ گھر کا حق حاصل ہے، لیکن ہمیشہ ایسا نہیں ہوتا۔ محکمہ صحت کے اعداد و شمار کے مطابق، گھر کا ماحول لوگوں کو چوٹ لگنے والی سب سے زیادہ عام جگہوں میں سے ایک ہے۔ لا علمی اور غفلت کی وجہ سے گھریلو چوٹیں وقتاً فوقتاً واقع ہوتی رہتی ہے۔ اس حفاظتی رہنما کا مقصد عمومی گھریلو استعمال کی اشیا، فرنیچر، دسترخوان والی اشیا نیز دیگر اشیا سے منسلک ممکنہ خطرات سے قارئین کی آگاہی میں اضافہ کرنا اور ان کے محفوظ استعمال کے لیے انہیں مشورہ فراہم کرنا ہے۔ یہ رہنما کنزیومر کاؤنسل، محکمہ الکٹرانک و میکانیکل سروس، محکمہ کسٹمز و ایکسائز، کارنرز کورٹ اور محکمہ صحت سے جمع کردہ مشوروں کا مجموعہ ہے۔ محدود صفحات کی وجہ سے اس رہنما میں صرف عمومی اشیا اور ان کے ممکنہ خطرات بیان کیے گئے ہیں۔

گھریلو حفاظت سے متعلق آگاہی کو فروغ دینا ایک طویل مدتی تعلیمی سرگرمی ہے، جس کے لیے خاندانوں، اسکولوں، کمیونیٹیز اور متعلقہ سرکاری محکموں کا باہمی تعاون درکار ہے۔ بنیادی حفاظت سے متعلق معلومات کو سیکھنا خاندانوں سے شروع ہونا چاہیے، جہاں والدین کو چاہیے کہ وہ خود کو اپنے بچوں کے لیے مثالی کردار کے طور پر پیش کرتے ہوئے انہیں سکھائیں۔ ٹیچروں کو بھی چاہیے کہ وہ بچوں کو بنیادی حفاظتی معلومات بشمول روزمرہ کے حفاظتی مسائل کے بارے میں سکھائیں، جنہیں آسانی سے نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔ اس رہنما کو وقتاً فوقتاً اپ ڈیٹ کیا جائے گا۔ محکمہ صحت اس رہنما کو زیادہ معلومات افزا اور مفید بنانے کے لیے تمام مشوروں کا خیر مقدم کرتا ہے۔ یہ رہنما گھریلو استعمال کی عام اشیا سے متعلق عمومی حفاظتی ملاحظات پیش کرتی ہے، لیکن یہ بات بھی اہم ہے کہ صحیح استعمال اور دیکھ بھال کو یقینی بنانے کے لیے، صارفین کو چاہیے کہ وہ پروڈکٹ مینول میں فراہم کردہ ہدایات پر عمل کریں۔

## اظہار تشکر

اعاد و شمار کی فراہمی کے لیے، ہم کنزیومر کاؤنسل، محکمہ الکٹرانک و میکانیکل سروس، محکمہ کسٹمز و ایکسائز، کارنرز کورٹ اور محکمہ صحت کے ممنون ہیں۔

## باورچی خانہ



رائس کوکر 3
پریشر کوکر 5
انڈکشن کوکر 7
مائیکرو ویو اوون 9
اوون 11
الکٹرک اسٹیمر 13
سرامک چاقو 15
گرم پانی کا ڈسپنسر/الکٹرک کیتلی 17
کافی مشین 19
بلنڈر 21
میلامین کے برتن 23
غذائی ڈبے 25

## سونے کا کمرہ




بنک بیڈ (اوپر نیچے جڑے ہوئے پلنگ) 27
دستی ہائیڈرولک پلنگ 29
پلنگڑی (چھوٹا پلنگ) 31
بچے کا تکیہ 33
گدے اور چادریں 35
الکٹرک کمبل 37
ہیئر ڈرائر 39

## لیونگ روم (دیوان خانہ)



فولڈنگ ٹیبل 41
شیشے کے فرنیچر 43
ٹیلی ویژن 45
الکٹرک پنکھے 47
ایکویریم کے برقی آلات 49


## غسل خانہ



باتھ ٹب 51
الکٹرک واٹر ہیٹر 53
غسل خانے کا ہیٹر 55
ایگزاسٹ فین 57
الکٹرک استرا 59

## عمومی گھریلو ماحول

دیوار گیر فرنیچر 61
کھڑکیاں 63
پردے کا تار 65
ڈیٹرجنٹ 67
باڈی وارمر 69
نو وولٹ والی بیٹری 71
بٹن سیل 73
ایکسٹینشن یونٹ 75
ساکٹ 77
ایڈاپٹر 79
کمپیکٹ فلوریسنٹ لیمپ 81
استری 83
ہوور (برقی جاروب کش) 85
اسٹیم کلینر 87
ڈیہومیڈیفائر 89
الکٹرک ہیٹر 91
واشنگ مشین 93
ٹمبل ڈرائر 95




# باورچی خانہ


رائس کوکر 3
پریشر کوکر 5
انڈکشن کوکر 7
مائیکرو ویو اوون 9
اوون 11
الکٹرک اسٹیمر 13
سرامک چاقو 15
گرم پانی کا ڈسپنسر/الکٹرک کیتلی 17
کافی مشین 19
بلنڈر 21
میلامین کے برتن 23
غذائی ڈبے 25



# رائس کوکر

- رائس کوکر کے استعمال میں ہونے کے دوران، جلنے سے بچنے کے لیے اس کی گرم سطحوں کو نہ چھوئیں، اور اپنے ہاتھوں اور چہرے کو اوپر موجود بھاپ کے سوراخ سے دور رکھیں۔ کچھ رائس کوکرز بھاپ کے کم اخراج کے مقصد سے بنائے جاتے ہیں، جس سے جلنے کا خطرہ کم ہوتا ہے۔

- رائس کوکر میں داخلی تار ہوتے ہیں، انہیں نہ تو دھوئیں اور نہ ہی پانی میں ڈبوئیں۔ انہیں صاف کرنے کے لیے، بس کناروں اور باہری حصوں کو گیلے کپڑے سے صاف کریں۔ صاف کرنے کے بعد، استعمال کرنے سے پہلےتمام حصوں کے خشک ہونے کا انتظار کریں۔





# پریشر کوکر



- استعمال سے پہلے، اس بات کو یقینی بنائیں کہ دباؤ کو محدود کرنے والا والو درست طور پر کام کر رہا ہے اور ربر والے گیسکیٹس میں کوئی نقص نہیں ہے۔
- کوکر میں ڈالی جانے والی کھانے کی اشیا کی مقدار مینول میں بتائی گئی مقدار سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ بھاپ تشکیل پانے کے لیے کوکر میں کافی جگہ موجود ہے، تاکہ اُبلتے ہوئے کھانے سے والو بند ہونے سے بچا جا سکے۔ پکانے کے دوران آسانی سے بڑی ہونے والی کھانے کی اشیا جیسے لوبیا یا چاول کی مقدار کو تھوڑا کم کریں۔
- پکانے کے بعد، دباؤ کو کم کرنا یقینی بنائیں اور یقینی بنائیں کہ ڈھکن کھولنے سے پہلے دباؤ مکمل طور پر خارج ہوگیا ہے۔
- جھاگ والے کھانے (جیسے دلیہ اور سوپ) یا آسانی سے پھولنے والی کھانے کی اشیا کو پکاتے وقت کھول کر دباؤ کم نہ کریں۔ ورنہ، بھاپ کے ساتھ مائع باہر نکل سکتا ہے اور پھولی ہوئی کھانے کی اشیا والو پر جم سکتی ہے۔
- پریشر کوکر میں داخلی تار ہوتے ہیں، انہیں نہ تو دھوئیں اور نہ ہی پانی میں ڈبوئیں۔ انہیں صاف کرنے کے لیے، بس کناروں اور باہری حصوں کو گیلے کپڑے سے صاف کریں۔ صاف کرنے کے بعد، استعمال کرنے سے پہلےتمام حصوں کے خشک ہونے کا انتظار کریں۔




# انڈکشن کوکر



- انڈکشن کوکر زیادہ بجلی استعمال کرتا ہے اور اس کے ساکٹ کا دیگر الکٹرک آلات کے ساکٹ کے ساتھ اشتراک نہیں کرنا چاہیے۔
- کوکر کے پلیٹ پر کین، چاقو یا کانٹا بالکل نہیں رکھیں۔
- ٹچ کنٹرولز والے انڈکشن کوکر دوہرے حفاظتی لاکس سے لیس ہوتے ہیں، یا انہیں دو مرتبہ اسٹارٹ کرنا ہوتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ حادثاتی طور پر کوکر چالو ہونے سے روکنے کے لیے، آپ کو پہلے پاور بٹن دبانا اور اس کے گرم ہونے سے پہلے ہیٹ لیول (گرمی کی سطح) کو منتخب کرنا لازمی ہے۔
- پکانا ختم ہونے کے بعد، فوری طور پر پاور کو آف نہ کریں۔ کوکر کے نچلے حصے اور پلیٹ کو ٹھنڈا کرنے کے لیے، کچھ اندرونی پنکھےچلتے رہتے ہیں۔ حالانکہ ٹھنڈا کرنے میں سہولت کے لیے، انڈکشن کوکر میں داخلی پنکھے ہوتے ہیں، لیکن آپ کو کوکر کو ہٹانے کے فوری بعد کوکر کے اوپری حصوں کو نہیں چھونا چاہیے، کیونکہ اس میں پکانے کے نتیجہ میں نکلنے والی گرمی اب بھی موجود رہے گی۔
- پکانے کے موزوں برتن استعمال کریں۔ پکانے کے برتن رکھے بغیر پلگ نہ لگائیں اور نہ ہی اسے چلائیں۔ مائع اُبلنے کے بعد اس کے باہر نکلنے اور جلنے سے بچنے کے لیے، برتنوں میں بہت زیادہ مائع نہ ڈالیں، جس سے انڈکشن کوکر بھیگ بھی سکتا ہے۔
- کچھ انڈکشن کوکرز بچوں کے سیفٹی لاک سے لیس ہوتے ہیں (جسے پینل کنٹرول لاک بھی کہا جاتا ہے)، جو انہیں بچوں کے ذریعے حادثاتی طور پر آن کیے جانے سے روکتا ہے۔ سیفٹی لاک کو فعال کرنے یا ان لاک کرنے کے طریقے ماڈلز کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں۔ اس بات کا مشورہ دیا جاتا ہے کہ استعمال سے پہلے پروڈکٹ کے مینولز کو پڑھ لیں۔
- باقاعدگی سے ماہر ٹیکنیشن کے ذریعے معائنوں، دیکھ بھال اور مرمّت کا بندوبست کریں۔ مسئلہ در پیش ہونے تک انتظار نہ کریں۔



# مائیکرو ویو اوون




- مائیکرو ویو اوون کے لیے زیادہ بجلی درکار ہوتی ہے، اور اس کے ساکٹ کا زیادہ بجلی کی کھپت کرنے والے دوسرے الکٹرک آلات اور دو ہیٹروں والے انڈکشن کوکرز کے ساتھ اشتراک نہ کیا جائے۔
- مائیکرو ویو اوون کے سوراخوں کو مسدود نہ کریں اور یقینی بنائیں کہ پروڈکٹ کے مینول میں کی گئی صراحت کے مطابق ٹھنڈا ہونے کے لیےمعقول جگہ موجود ہے۔
- دھاتی کنٹینر استعمال نہ کریں، کیونکہ اس کے نتیجے میں چنگاریاں پیدا ہو سکتی ہیں اور اس کے نتیجے میں مائیکرو ویو اوون شدید گرم ہوسکتا ہے اور اسے نقصان پہنچ سکتا ہے۔
- مہر بند یا کس کر بند کیے ہوئے کنٹینر، جیسے بچے کی بوتلیں استعمال نہ کریں۔ مائع کو گرم کرتے وقت چوڑے دھانے والے برتن استعمال کریں، تا کہ بلبلے آسانی سے باہر نکل سکیں۔
- انڈے چاہے چھلکوں کے ساتھ ہوں یا بغیر چھلکوں کے، انہیں مائیکروویو اوون میں بالکل نہ پکائیں۔ کیونکہ انڈے کو گرم کرنے کے دوران زردی کا درجہ حرارت تیزی سے بڑھ جائے گا، جس کے نتیجے میں دباؤ پیدا ہوگا اور انڈا پھٹ جائے گا۔ اس کے نتیجے میں چوٹیں لگ سکتی ہیں اور مائیکروویو پر دھبے پڑسکتے ہیں یا مائیکرو ویو کے اوپری شیشے کے گرل کے ٹیوب کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ آپ کو چاہیے کہ مائیکرو ویو اوون میں سالم آلو یا چھلکے والے شکر قندی کو گرم کرنے سے پرہیز کریں۔





# اوون



- چھوٹے اوون بجلی کی زیادہ کھپت کرتے ہیں اور انہیں کچن اسٹو اور دیگر زیادہ بجلی کی کھپت کرنے والے الکٹرک آلات کے ساتھ ایک ہی ساکٹ یا ایکسٹینشن یونٹ کا اشتراک نہیں کرنا چاہیے۔
- ٹھنڈا ہونے کے لیے معقول جگہ کی موجودگی اور اوون کو شدید گرم ہونے سے بچانے کے لیے سوراخ کو صاف رکھنا یقینی بنائیں۔ انہیں پردوں، پلاسٹک، کاغذ یا دیگر جلنے والی اشیا کے قریب بالکل نہ رکھیں۔
- پکانے کے دوران، گرم دھات یا شیشے کو مت چھوئیں۔ کسی شخص کی غیر موجودگی میں بچوں کو اوون استعمال کرنے یا اسے چھونے کی بالکل اجازت نہ دیں۔





# الکٹرک اسٹیمر

- استعمال سے پہلے، الکٹرک اسٹیمر کو ایک مضبوط اور مستحکم سطح پر رکھیں۔ یقینی بنائیں کے بجلی کا تار درست حالت میں ہے، تا کہ اسے کھینچے جانے اور اسٹیمر کے الٹنے سے بچایا جا سکے۔
- بجلی کے تار کو پلگ پر لگانے سے پہلے اس میں پانی ڈالیں۔ ابلتے ہوئے پانی کو نیچے گرنے سے روکنے کے لیے یقینی بنائیں کہ پانی تجویز کردہ حد سے زیادہ نہیں ہے۔
- ٹرے میں کھانے کی اشیا رکھتے وقت، یقینی بنائیں کہ ٹرے کے نیچے والے سوراخ صاف ہے، تا کہ بھاپ کی روانی مسدود نہ ہو۔
- جلنے سے بچنے کے لیے، الکٹرک اسٹیمر سے پیدا ہونے والی بھاپ کے تعلق سے احتیاط برتیں۔ جلنے سے بچنے کے لیے، الکٹرک اسٹیمر کے استعمال کے دوران، اس کی گرم سطحوں کو نہ چھوئیں، اور اپنے ہاتھوں اور چہرے کو اوپر موجود بھاپ کے نکلنے کے سوراخ سے دور رکھیں۔ اس بات کی جانچ کرنے کے لیے کہ آیا کھانا پک گیا ہے، ڈھکن کو آہستہ کھولنے یا باہر نکالنے کے لیے ایک خشک کپڑا یا اوون کے دستانے استعمال کریں تا کہ بھاپ باہر نکل کر صارف کو جلانے سے بچا جا سکے۔
- بھاپ سے جلنے سے بچنے کے لیے، کھانے کی اشیا کو ہلانے کے لیے، بڑے دستے والا چمچہ استعمال کریں۔



# سرامک چاقو



- سرامک چاقو ہلکے اور تیز ہوتے ہیں اور کچھ رنگین ہوتے ہیں اور کھلونوں کی طرح نظر آتے ہیں۔ کاٹنے سے بچنے کے لیے انہیں بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں۔
- اکثر سرامک چاقوؤں کو ڈش واشر کے ذریعے نہ دھویا جائے، کیونکہ اگر یہ سخت تھالیوں یا د یگر کٹلری اشیا کے ساتھ مل جائے تو یہ ٹوٹ سکتے ہیں۔



# گرم پانی کا ڈسپنسر/ الکٹرک کیتلی



- بجلی کے جھٹکوں سے بچنے کے لیے، پانی ڈالتے وقت، یقینی بنائیں کہ پلگ خشک ہے۔
- گرم پانی کے ڈسپنسرز/الکٹرک کیتلیاں زیادہ بجلی استعمال کرتی ہیں اور ان کے ایکسٹینشن یونٹ یا ساکٹ کا زیادہ بجلی کی کھپت کرنے والے دیگر الکٹرک آلات کے ساتھ اشتراک نہیں کرنا چاہیے۔
- اسٹین لیس اسٹیل، شیشے یا سرامک بیرونی اشیا والے گرم پانی کے ڈسپنسرز/الکٹرک کیتلیاں بہت زیادہ گرم ہو سکتی ہیں، ان کے استعمال میں ہونے کے دوران، اور یہ پلاسٹک والے بیرونی اجزا سے بنے گرم پانی کے ڈسپنسرز/الکٹرک کیتلیوں سے زیادہ وزنی ہو سکتی ہیں۔ جلنے یا بھاپ سے چھالے پڑنے سے بچنے کے لیے، انہیں حد درجہ احتیاط سے استعمال کریں۔
- پانی کے ٹھنڈا ہونے کا انتظار کرنے کے لیے، یقینی بنائیں کہ گرم پانی کا ڈسپنسر/الکٹرک کیتلی کسی دیوار کے قریب اور بچوں کی پہنچ سے دور رکھی گئی ہے۔ الکٹرک تار کو لپیٹ کر آلے کے نیچے رکھیں، تا کہ انہیں بچوں کے ذریعے کھولے جانے سے بچایا جا سکے، جس کے نتیجے میں آلہ الٹ سکتا ہے اور جسم کو جلا سکتا۔
- جلنے سے بچنے کے لیے، گرم پانی کے ڈسپنسرز/الکٹرک کیتلیوں کو کسی دیوار کے قریب اور بچوں کی پہنچ سے دور رکھنا چاہیے۔



# کافی مشین



- استعمال میں ہونے کے دوران، معمولی ایسپریسو مشینیں شدید دباؤ اور گرم پانی /بھاپ پیدا کرتی ہے۔ یقینی بنائیں کہ کافی کے گراؤنڈز کنٹینر کو محفوظ طور پر نصب کیا گیا ہے اور حادثاتی طور پر گرم پانی یا بھاپ کے باہر نکلنے بچنے کے لیے دستے کو مارنے سے پرہیز کریں۔
- اگر آپ حادثاتی طور پر فلٹر کو اوپر اٹھائیں تو اسے باہر نہ نکالیں اور اسے فوری طور پر اس میں واپس ڈالیں۔ پہلے، بجلی کو بند کریں اور بھاپ باہر نکلنے کا انتظار کریں اور گرم پانی کے باہر نکلنے اور گرنے سے بچائیں۔ اس کے بعد، احتیاط کے ساتھ گرم پانی صاف کریں اور دوبارہ کافی بنانے سے پہلے کافی گراؤنڈ کنٹینر کو ٹھنڈا ہونے کے لیے چھوڑ دیں۔
- دودھ میں جھاگ پیدا ہونے کے بعد اسٹیمر کو نہ چھوئیں، کیونکہ یہ کچھ وقت تک گرم رہے گا۔





# بلنڈر



- کاٹنے سے بچنے کے لیے بلینڈر کو احتیاط سے استعمال کریں۔ ان کے اندر تیز بلیڈز ہوتے ہیں، اس لیے خصوصاً جب بلیڈز پر کھانا لگا ہو، اپنی انگلیاں اندر نہ ڈالیں۔ انہیں ہاتھ لگانے سے پہلے، کھانے کی اشیا اور سیال کو باہر نکالنا بہتر ہے۔





# میلامین کے برتن



- میلامین کو برتنوں کو کھانے کی اشیا کو گرم کرنے یا پکانے کے لیے بالکل استعمال نہ کریں۔ نہ ہی انہیں مائیکرو ویو اوون یا روایتی اوونوں یا کھلی آگ میں استعمال کرنا چاہیے۔
- میلامین کے برتنوں میں گرم تیل یا تیزابی کھانے کی اشیا نہ ڈالیں۔ اگر آپ کو میلامین کے برتنوں کو گرم تلی ہوئی کھانے کی اشیا کے لیے استعمال کرنا ہے تو انہیں میلامین کے برتنوں میں ڈالنے سے پہلے، کھانے کی اشیا کو تھوڑا سا ٹھنڈا ہونے کا انتظار کریں۔



# غذائی ڈبہ



- غذائی ڈبوں میں کھانے کی اشیا کو رکھتے یاگرم کرتے وقت، ان اشیا کے وزن اور برتن کی موٹائی پر توجہ دیں۔ دلیہ یا سوپ جیسی چیزیں ڈالے جانے پر پتلے برتن نرم ہو سکتے ہیں یا ان کی ساخت تبدیل ہو سکتی ہے۔ جلنے سے بچنے کے لیے انہیں احتیاط سے استعمال کریں۔

- مائیکرو ویو اوون میں زیادہ تیل یا شکر پر مشتمل کھانے کی اشیا کو گرم کرنے کے نتیجے میں، درجہ حرارت صراحت کردہ درجہ حرارت کی حد سے زیادہ ہو سکتا ہے۔ مائیکرو ویو اوون کی قوت پر توجہ دیں اور احتیاط کے ساتھ گرم کرنے کا وقت سیٹ کریں۔ مائیکرو ویو سیف شیشے یا سرامک برتن استعمال کرنا زیادہ محفوظ ہے۔

- اگر برتن کا ڈھکن پولی پروپیلین سے نہیں بنا ہے تو کھانے کی اشیا کے باہر نکلنے سے بچنے کے لیے، اسے تبدیل کر کے مائیکرو ویو سیف ڈھکن یا کلنگ فلم (پلاسٹک شفاف پردے) سے ڈھانپیں۔

- اگر برتن اور اس کا ڈھکن دونوں پالی پروپولین سے بنا ہے تو گرم کرنے کے دوران ان کے درمیان کچھ جگہ چھوڑیں۔ اس سے بھاپ اور گرم ہوا کو خارج ہونے میں آسانی ہوگی، اور دباؤ پیدا ہونے سے روکنے میں مدد ملے گی۔ آج کل، کچھ سوراخ والے مائیکرو ویو سیف کھانے کی اشیا کے برتن آتے ہیں۔ گرم کرنے کے دوران بھاپ کو باہر نکلنے میں مدد دینے کے لیے انہیں کھولنا یقینی بنائیں۔







# سونے کا کمرہ


| | |
|---|---|
| بنک بیڈ (اوپر نیچے جڑے ہوئے پلنگ) | 27 |
| دستی ہائیڈرولک پلنگ | 29 |
| پلنگڑی (چھوٹا پلنگ) | 31 |
| بچے کا تکیہ | 33 |
| گدے اور چادریں | 35 |
| الکٹرک کمبل | 37 |
| ہیئر ڈرائر | 39 |

# بنک بیڈ (اوپر نیچے جڑے ہوئے پلنگ)



- ایسے بنک بیڈ کو خریدنے کا مشورہ دیا جاتا ہے جو تمام درکار صراحتوں اور حفاظتی سرٹیفکیشن والی علامتوں کے حامل ہوں۔

- بنک بیڈ کی خریداری کے موقع پر، یقینی بنائیں کہ پلنگ کے ریلنگ کی اونچائی اور ریلنگ کے ڈنڈیوں کے درمیان گرنے سے بچنے اور ان کے درمیان سر یا جسمانی اعضا کے پھنس جانے سے بچنے کو یقینی بنانے کے لیے مناسب فاصلہ موجود ہے۔ در ایں اثنا، صارف کی حفاظت کی ضمانت کے لیے، یہ بات اہم ہے کہ پلنگ کو مناسب سہارا میسر ہو اور پلنگ کا تختہ مناسب موٹائی کا حامل ہو۔

- بنک پلنگ کی خریداری کے موقع پر، ایسا بنک پلنگ خریدیں جو مناسب وزن کو برداشت کر سکتا ہو۔

- بچوں کو اس سے گرنے سے بچانے کے لیے، بچوں کو اوپری پلنگ پر سونے یا اوپری بنک پلنگ پر کھیلنے کی اجازت نہ دیں۔



# دستی ہائیڈرولک پلنگ



- ہائیڈرولک پلنگ کو اکیلے نہ چلائیں۔ یقینی بنائیں کی کوئی چیز اس کے میکنیزم میں رکاوٹ پیدا نہیں کر رہی ہے، اور اسے چلاتے وقت پالتوں جانوروں کو دور رکھیں۔
- ہائیڈرولک پلنگ کو صرف بالغ لوگوں کے ذریعے چلانا چاہیے۔ بڑی عمر کے لوگوں یا بچوں کو انہیں چلانے کی اجازت نہ دیں۔ انہیں چلانے سے پہلے، حرکتی گدے پر موجود تمام وزنی اشیا ہٹائیں۔
- گدے کے نچلے حصے کو اوپر اٹھانے کے بعد، یقینی بنائیں کہ گیس اسپرنگ محفوظ طور پر نصب ہے، ہائیڈرولک پسٹن درست طور پر کام کرتی ہے اور میکانیزم کے ساتھ کس کر بندھی ہوئی ہے تا کہ گدے کا نچلا حصہ حادثاتی طور پر کھسک یا گر نہ جائے۔
- بنا اضافی حفاظتی سہارے والے گدوں کے لیے، حرکتی اور مضبوط فرنیچر (جیسے صندوق اور مستحکم کرسیاں) نیچے سلائیڈ کھولنے کے دہانے پر اور درمیان میں رکھیں تا کہ حادثہ واقع ہونے کی صورت میں یہ بفر کا کردار ادا کرے۔
- گدے کے نچلے حصے کو اوپر اٹھانے کے لیے، درست وضع اپنانا یقینی بنائیں یعنی اپنے پیروں کو دور کر کے کھڑے ہوں، اپنے گھٹنوں کو موڑیں اور اپنی پیٹھ کو سیدھا کریں۔ چوٹوں سے بچنے کے لیے گدے کے نچلے حصے کو دونوں ہاتھوں سے اوپر اٹھائیں۔
- ہائیڈرولک پلنگ کو بند کرنے کے لیے، چوٹوں سے بچنے کے لیے، صرف اپنی کلائیوں پر انحصار کرنے کے بجائے اپنے بازوؤں اور جسم کے وزن کے ذریعے گدے اور گدے کے نچلے حصے پر زور لگائیں۔



# بے بی کوٹ (چھوٹا پلنگ)



- بے بی کوٹ میں ڈنڈیاں ہونی چاہیے اور یہ حفاظتی معیارات کی مطابقت میں ہونا چاہیے۔ بچے کے سونے کے دوران بے بی کوٹ بند کر دینا چاہیے۔
- بے بی کوٹ کو کھڑکی کے پاس نہیں رکھنا چاہیے اور کناروں کے آس پاس کوئی اشیا (جیسے کپڑوں کا انبار) نہیں رکھنا چاہیے۔ اس سے بچوں کو چوٹیں لگنے یا ان کا چہرہ ڈھک جانے کے نتیجے میں دم گھٹنے سے بچایا جا سکتا ہے۔
- پہلے بچے کے بے بی کوٹ کے لیے درکار جگہ کی پیمائش کریں۔ بچے کے بے بی کوٹ کی خریداری کے موقع پر، پیمائشی ٹیپ سے اس کے سائز کی پیمائش کریں، نیز ڈنڈیوں کے درمیان خالی جگہ اور کوئی دوسرے فاصلوں کی جانچ کریں۔ 6 سینٹی میٹر سے بڑے فاصلے والا بے بی کوٹ نہ خریدیں، کیونکہ اس سے بچے کا سر اس میں پھنسنے کا خطرہ لاحق رہتا ہے۔
- متوقع سروس لائف کی جانچ کریں اور سفارش کردہ عمر کی حد یا بے بی کوٹ کی زیادہ ترین وزن کی گنجائش کی جانچ کریں۔ مارکیٹ میں موجود کچھ پروڈکٹس والدین کے لیے حوالے کے لیے تجویز کردہ عمر کی حد فراہم کرتے ہیں۔
- ایڈجسٹ کرنے کے قابل گدے کے نچلے حصے کو بچے کی نشو ونما کے مرحلوں کے ساتھ ایڈجسٹ کیا جا سکتا ہے۔ اس بات کی جانچ کریں کہ آیا بے بی کوٹ کی اونچائی کو ایڈجسٹ کیا جا سکتا ہے اور اس کے ایڈجسٹمنٹ کی حد کیا ہے۔ نو مولود بچوں کے لیے جو کھڑے نہیں ہو سکتےگدے کے نچلے حصےکو سب سے اونچی سطح پر لے جائیں تا کہ والدین آسانی سے ان کی دیکھ بھال کر سکیں۔ جب بچہ اپنے آپ کو اٹھانا شروع کرے، گدے کے نچلے حصے کو نیچے لے جائیں، یہ جس قدر نیچے ہوگا بچہ اسی قدر محفوظ ہوگا، تا کہ ان کے ریلنگ سے کود کر نیچے گرنے کا خطرے کا تدارک کیا جا سکے۔
- جانچ کریں کہ آیا بے بی کوٹ پہیوں اور بریک سے لیس ہے۔ کچھ بے بی کوٹ کو پہیے لگوائے جا سکتے ہیں، جس سے انہیں حرکت دینے میں آسانی ہوتی ہے۔ یہ بات اہم ہے کہ اس قسم کے بے بی کوٹ کے پہیوں پر بریک لگے ہوئے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آیا بریک قابل انحصار ہیں۔
- رینلگ کو نیچے کرتے وقت، اس بات کو یقینی بنائیں کہ آیا یہ بچے کے ہاتھوں، پیروں اور دیگر جسمانی اعضا کو نہیں چمٹتا ہے۔ اگر بچے کو کوٹ میں چھوڑ کر جانا ضروری ہوتو یقینی بنائیں کہ یہ بند اورمقفل ہے۔ اگر کناروں والی ریلنگ اپنی جگہ سے ہٹ گئی ہیں یا اس سے ملتا جلتا کوئی مسئلہ ہو تو بچے کو فوری طور پر کوٹ سے باہر نکالیں۔ ناقص بے بی کوٹ کا استعمال جاری نہ رکھیں، اور چوٹوں سے بچنے کے لیے مرمّت کا بندوبست کریں۔



# بچے کا تکیہ



- بے بی کوٹ کے اندرونی حصے اور پورے اندرونی حصوں کے آس پاس موجود بمپر سے بچوں کے سر کی حفاظت میں مدد مل سکتی ہے۔ بمپر کم ا زکم چھ طرف سے بندھا ہوا ہونا چاہیے۔ یہ بندھن بچے کی پہنچ سے دور ہونےچاہیے تا کہ بچے کا گلا گھوٹنے کے کسی ممکنہ خطرے کو ٹالا جا سکے۔
- بے بی کوٹ میں بچے کے سونے کی جگہ کو محدود کرنے والے کوئی نرم ملائم کھلونے، تکیے یا دیگر اشیا بالکل نہ رکھیں۔
- گدا بے بی کوٹ پر اچھی طرح بیٹھنا چاہیے۔ گدے کا بہت زیادہ بڑا یا بہت زیادہ چھوٹا ہونے سے حفاظتی خطرات لاحق ہوسکتے ہیں۔ یہ جمے ہوئے ہوں اور بہت زیادہ نرم نہ ہوں اور انہیں خشک اور صاف رکھا جائے۔
- ایک رضائی بھی بے بی کوٹ کے ساتھ اچھی طرح سے لگانا چاہیے اور یہ بچے کے چہرے یا سر کو نہ ڈھانپے۔ بچوں کا پیٹھ کے بل سونا بہترین طریقہ ہے۔
- اگر بے بی مانیٹر درکار ہو تو وائر لیس ماڈل استعمال کیا جائے۔ وائر والا مانیٹر استعمال کیے جانے کی صورت میں، یقینی بنائیں کہ مانیٹر اور اس کے تار بچے کی پہنچ سے دور ہیں۔





# گدے اور چادریں



- بستر پر سگریٹ نوشی نہ کریں۔
- موم بتیوں یا اگر بتیوں کو جلتی ہوئی حالت میں چھوڑ کر نہ جائیں۔



# الکٹرک کمبل



- الکٹر کمبلوں کو تہہ نہ کریں، کیونکہ اس سے ان کے اندرونی حرارتی تاروں کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔
- نوک دار اشیا جیسے پن کو الکٹرک کمبل سے دور رکھیں تا کہ ان کی اندرونی تاروں کو نقصان پہنچنے سے بچایا جا سکے۔
- گیلا الکٹرک بلانکیٹ استعمال نہ کریں، کیونکہ اس سے بجلی کے جھٹکے لگنے کا خطرہ ہوتا ہے۔
- الکٹرک کمبل کے الکٹرک تار کو نہ گھسیٹیں اور نہ ہی انہیں اس کے کسی گرم حصے پر رکھیں۔
- کسی بھی نقص، الکٹرک کمبل کے شدید گرم ہونے، جھلسنے کے نشانات اور داخلی گرمی والی وائروں کے اپنی جگہ سے ہٹنے کی جانچ کرنے کے لیے اس کا باقاعدگی سے معائنہ کریں۔ الکٹرک کمبل کے نقص لگنے کی صورت میں، اس کا استعمال فوری روک دیں اور اسے پلنگ سے باہر نکالیں۔
- استعمال میں نہ ہونے والے الکٹرک بلانکیٹ کا پلگ نکالیں یا آزاد ایکسٹینشن یونٹ پر موجود سوئچ کو آف کریں۔



# ہیئر ڈرائر



- ہیئر ڈرائر کے لیے زیادہ بجلی درکار ہوتی ہے، جس میں سے کچھ ماڈلز 2,000 واٹ سے زیادہ کے طور پر درجہ بند ہوتے ہیں۔ ہیئر ڈرائر کو غسل خانوں میں استعمال کرنے سے پرہیز کریں، کیونکہ یہ پانی میں گر سکتے ہیں یا بھاپ کی زد میں آ سکتے ہیں، جس کے نتیجے میں بجلی کا جھٹکا لگ سکتا ہے۔
- بجلی کے جھٹکے لگنے کے خطرے کو کم کرنے کے لیے، ہیئر ڈرائر استعمال کرنے سے پہلے اپنے ہاتھوں کو خشک کریں۔
- جلنے کے قابل اشیا، جیسے الکحوحل، کاغذ یا بستر کے قریب ہیئر ڈرائر استعمال نہ کریں۔ آگ لگنے سے بچنے کے لیے، ہوا کے اندر داخل ہونے والی جگہ کو کھلا بیرونی چیزوں سے صاف رکھیں۔
- اس کا استعمال ختم ہونے کے بعد، حفاظت کے لیے، ہیئر ڈرائر کا پلگ نکالیں یا ایکسٹینشن وائر پر سوئچ آف کریں۔
- ہیئر ڈرائر کی وائر اور باہری حصوں کا باقاعدگی سے معائنہ کریں۔ اگر ان میں کوئی نقص، بجلی کے تار میں خرابی، جلنے کے نشانات، چنگاریاں نکلنا ہو یا دوسرے غیر معمولی مسائل نظروں میں آئیں تو فوری طو رپر اسے استعمال کرنا بند کریں۔





# لیونگ روم (دیوان خانہ)


فولڈنگ ٹیبل 41
شیشے کے فرنیچر 43
ٹیلی ویژن 45
الکٹرک پنکھے 47
ایکویریم کے برقی آلات 49

# فولڈنگ ٹیبل



- فولڈنگ ٹیبل خریدنے کے موقع پر، ایک ایسا ٹیبل منتخب کریں جو اعلی معیاری سیفٹی لاک کے ساتھ مضبوط ہوں (مثلاً ، جس کے تمام پایوں کے اسکریو کسے ہوئے ہوں اور آسانی سے نہ نکلتے ہوں)۔ حفاظت کے لیے، ٹیبل کو کھولنے کے بعد، اسے فوری طور پر لاک کریں۔
- کسی ٹیبل کو ان لاک کرنے سے قبل، پہلے متعلقہ ہدایات پڑھیں۔
- کسی ٹیبل کو ان لاک کرنے سے پہلے، یقینی بنائیں کہ کوئی شخص ٹیبل کو تھامے ہوئے ہو، کیونکہ یہ اچانک فولڈ ہو سکتا ہے، جس سے حادثات ہو سکتے ہیں۔
- بچوں کو فولڈنگ ٹیبل کے حفاظتی خطرات سکھائیں۔ انہیں میز کے ساتھ کھیلنے یا رینگنے یا اس کے پایوں کے درمیان چھپنے کی بالکل اجازت نہ دیں۔
- بچوں کو ٹیبل کے اوپر چڑھنے یا ٹیبل کے کسی بھی کنارے پر سختی سے دباؤ ڈالنے کی اجازت نہ دیں، کیونکہ ایسا کرنا ٹیبل گرنے اور حادثات پیش آنے کا سبب بن سکتا ہے۔
- رینگنے یا چلنا سیکھنے والے بچے اکثر اوپر چڑھنے یا توازن کے لیےاس کی طرف جھکنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ اس بات کا مشورہ دیا جاتا ہے کہ فولڈنگ میز کو دیوار کے قریب رکھا جائے، تاکہ بچوں کے اس پر اچھل کود کرنے کے نتیجے میں واقع ہونے والی چوٹون کا تدارک کیا جا سکے۔



# شیشے کے فرنیچر



- ہمیشہ ٹیمپرڈ گلا س کے لیبل والے شیشے کے فرنیچر خریدیں۔ اسی موٹائی والے عام شیشوں کے مقابلے میں ٹیمپرڈ شیشے (ٹفنیڈ گلاس) عمومی طو رپر زیادہ سخت ہوتے ہیں اور شدید ضرب کو برداشت کر سکتے ہیں اور ان کے شدید درجہ حرارت کی تبدیلی سے ٹوٹنے کا امکان نہیں ہوتا۔ اگر ٹیمپرڈ گلاس شدید ضرب کے نتیجے میں ٹوٹ بھی جائیں تو معمولی شیشوں کے مقابلے میں اس کے ٹکڑے بہت چھوٹے ہوتے ہیں اور ان کے کنارے ہموار ہوتے ہیں، جس کی وجہ سے ان کے جسم کے اندر سرایت کرنے کا خطرہ کم ہوتا ہے۔

- اچانک درجہ حرارت کی تبدیلی کے نتیجے میں، شیشے کو ٹوٹنے سے بچانے کے لیے، شیشے والی میزوں پر گرم یا ٹھنڈی چیزیں رکھنے سے پہلے، ٹیبل میٹ استعمال کریں۔

- مربع میزوں کے کنارے بہت زیادہ نوک دار نہیں ہونے چاہیے، خصوصاً ایسے گھروں میں جہاں بچے رہتے ہوں۔ حفاظتی خطرات کو کم کرنے کے لیے، مربع میزوں کے کونوں پر کارنر پورٹیکٹر استعمال کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔



# ٹیلی ویژن



- ٹیلی ویژن کو الٹنے سے محفوظ رکھنے کے لیے ہموار اور مستحکم سطحوں پر رکھیں۔ حادثات سے بچنے کے لیے، ٹیلی ویژن کو دیوارو یا پکڑے رکھنے والے آلے کے ذریعے اسٹینڈ پر لگوانے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔
- اگر ٹیلی ویژن کو دیوار پر نصب کیا جائے تو، یقینی بنائیں کہ براکیٹ اس قدر مضبوط ہوں کہ وہ ٹیلی ویژن کو سہارا دے سکے اور اسے انسٹال کرنے سے متعلق دی گئی پروڈکٹ کی ہدایات پر عمل کریں۔ تنصیب کے لیے کسی ٹیکنیشن کی خدمات حاصل کی جائے۔



# الکٹرک پنکھے



- بچوں کو اپنی انگلیاں الکٹرک پنکھوں کی حفاظتی جالی کے اندر ڈالنےنہ دیں، کیونکہ اس کے نتیجےمیں حادثات واقع ہو سکتے ہیں۔
- پنکھوں کو مستحکم سطحوں پر رکھا جائے تاکہ انہیں گرنے اور تاروں کو کھینچنے سے بچایا جا سکے۔
- پنکھوں کو کھڑکیوں کے قریب، غسل خانوں یا کسی ایسے جگھوں پر جہاں پانی پڑنے کے خطرات لاحق ہو بالکل نہ رکھیں، کیونکہ اس کے نتیجے میں بجلی کے جھٹکے لگ سکتے ہیں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ پنکھوں کو گھومنے اور ٹھنڈا ہونے کے لیے کافی معقول جگہ موجود ہے، اور موٹر پر کسی چیز کو ڈھکنے نہ دیں۔
- پنکھے کو جلنے کے قابل اشیا یا ایسی اشیا جو آسانی سے پنکھے کی حفاظتی جالی کے اندر جا سکتی ہے، جیسے پردے یا کاغذ کے قریب نہ رکھیں۔
- پنکھے کو چلنے کی حالت میں چھوڑ کر باہر نہ جائیں، کیونکہ غیر معمولی صورت حال کو نوٹ کرنا مشکل ہو سکتا، جیسے پنکے پر دھول جمع ہونے کی بنا پر بلیڈ میں رکاوٹ پیدا ہو سکتی ہے۔ اس کے نتیجے میں موٹر کی گرمی میں اضافہ ہوسکتا ہے اور اس میں آگ بھی لگ سکتی ہے۔



# ایکویریم کے برقی آلات




- ایکویریم کے ایسے الکٹرک آلات خریدیں جن پر تفصیلی لیبلز ہوں ، جیسے پروڈکٹ کا مینول، اور برٹش معیار والا تین پن والا پلگ۔

- ایکویریم کے برقی آلات نصب کرنے سے پہلے ایکویریم کے ڈیزائن کے بارے میں معلومات حاصل کریں، خصوصا پوزشن کی ضروریات۔ ایئر پمپ اور لائٹ کو پانی میں گرنے سے بچانے کے لیے، الکٹرک آلات کو صرف ایسی جگھوں پر نصب کیا جائےجہاں ہوائی پمپ میں پانی جمع نہ ہو سکتا ہو۔

- اگر ایکویریم کے برقی آلات پانی میں گر جائیں یا ان پر پانی پڑ جائے تو بجلی کے جھٹکے سے بچنے کے لیے پہلے ایکویریم کا پلگ نکالیں۔ خود ہی ایکویریم کے برقی آلات کی مرمّت کرنے کی کوشش نہ کریں، کیونکه اس سے پانی کی مزاحمت یا دیگر حفاظتی خصوصیات متاثر ہو سکتی ہیں۔



# غسل خانه




باتھ ٹب 51


الکٹرک واٹر ہیٹر 53

غسل خانے کا ہیٹر 55

ایگزاسٹ فین 57

الکٹرک اُسترا 59

# باتھ ٹب



- چھوٹے بچوں کو غسل خانے یا باتھ ٹب میں تنہا نہ چھوڑیں، کیونکہ اس کے نتیجے میں حادثات واقع ہو سکتے ہیں۔

- پھسلنے کے خطرے کو کم کرنے کے لیے، اس بات کا مشورہ دیا جاتا ہے کہ موزوں اینٹی سلپ میٹ کو باتھ ٹب کی ہموار سطح پر رکھا جائے۔ حفاظت کے لیے اینٹی سلپ میٹ کو باقاعدگی سے دھوئیں۔ شاور آئیل استعمال کرنے کے بعد، جلد میں زیادہ پھسلن پیدا ہو جاتی ہے، جس سے پھسلنے کے خطرات بڑھ جاتے ہیں۔ والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے بچوں کو بشمول ان کے پیروں کی تلوؤں کو تولیے سے اچھی طرح خشک کریں۔


- نومولود بچے کو نہلاتے وقت یقینی بنائیں کہ ان کے سر اور گردن کو اچھی طرح سہارا دیا گیا ہے۔

- باتھ ٹب کو بھرنے کے لیے شاور ہیڈ استعمال کریں، اسے گرم کرنے سے پہلے ٹھنڈا پانی آن کریں۔ باتھ تب میں بچوں کو نہلانے سے پہلے اپنی کہنی کو ڈبا کر پانی کے درجہ حرارت کی جانچ کریں۔ بچوں کی جلد نازک ہوتی ہیں۔ جو پانی بالغوں کو نیم گرم لگتا ہے، وہی پانی بچوں کے لیے جلن کا سبب بن سکتا ہے۔

- باتھ ٹب یا پانی آنے کی جگہ کے قریب برقی آلات نہ رکھیں۔ پانی سے بھر سکنے والی جگہوں جیسے سنک یا باتھ ٹب کے قریب کوئی ایسا الکٹرک آلہ استعمال نہ کریں جو واٹر پروف نہ ہو۔ اگر آلہ پانی میں گر جائے تو اور حادثاتی طور پر اسے چھوئیں تو اس کے نتیجہ میں بجلی کے جھٹکے لگ سکتے ہیں۔



# الکٹرک واٹر ہیٹر



- الکٹرک واٹر ہیٹر کے شاور قسم کے پانی چھوڑنے والے ہوز کو غیر مسدود رہنا چاہیے اور انہیں صرف والو والے شاور ہیڈ سے جوڑا جا سکتا ہے۔ پانی چھوڑنے والے نل پر والو نصب نہ کریں یا نل کو سنک یا باتھ ٹب کے ساتھ نہ جوڑیں۔ والو کو سوئچ آف کیے جانے کے بعد، دباؤ کو خارج نہیں کیا جا سکتا، جس کے نتیجہ میں پانی کے ٹینک پر دباو بڑھ سکتا ہے، جس سے دھماکہ ہو سکتا ہے۔ درج بالا سبب کے پیش نظر، حادثات سے بچنے کے لیے، شاور ٹائپ والے الکٹرک واٹر ہیٹرز کو ان کے اصل کم دباؤ والے ٹھنڈے اور گرم پانی کے والوز کے ساتھ استعمال کیا جائے۔


- الکٹرک واٹر ہیٹر کو نصب کرنے کے موقع پر، ایک رجسٹرڈ الکٹریکل کنٹراکٹر کی خدمات حاصل کریں تا کہ الکٹریکل اینڈ میکانیکل سروسز ڈپارٹمنٹ کے ذریعہ متعینہ واٹر ہیٹر الکٹرسٹی (وائرنگ) ضوابط کی مطابقت میں ہو۔

- الکٹرک واٹر ہیٹر استعمال کرنے کے موقع پر، اگر سرکٹ بریکر ٹرپ ہو جائے یا بھاپ شاور ہیڈ یا واٹر آؤ لیٹ سے دباؤ کے ساتھ باہر آئے تو یا فوری طور پر بجلی کو بند کریں اور اس کا استعمال روک دیں۔ اس کے بعد، اس کی مرمّت کے لیے کسی رجسٹرڈ ماہر کنٹرایکٹر کی خدمات حاصل کریں۔

- باقاعدگی سے ماہر ٹیکنیشن کے ذریعے معائنوں، دیکھ بھال اور مرمّت کا بندوبست کریں۔ مسئلہ در پیش ہونے تک انتظار نہ کریں۔



# غسل خانے کا ہیٹر



- غسل خانے میں پورٹیبل ہیٹراستعمال کرنے کے لیے، ہیٹر کے لیے استعمال کیا جانے والا ساکٹ الکٹریکل اینڈ میکانیکل سروسز ڈپارٹمنٹ کے ذریعہ متعینہ واٹر ہیٹر الکٹرسٹی (وائرنگ) ضوابط کی مطابقت میں ہو۔ یہ بات بھی اہم ہے کہ غسل خانے میں استعمال کیا جانے والے ہیٹر کی درجہ بندی کردہ کرنٹ ساکٹ سرکیٹ کی گنجائش سے تجاوز نہ کرتی ہو۔ (مثلاً 13 امپیرز)۔


- غسل خانے میں نصب شدہ ہیٹر استعمال کرنے کے لیے (کسی ساکٹ کی ضرورت نہیں ہے)، الکٹریکل اینڈ میکانیکل سروسز ڈپارٹمنٹ کے ذریعہ متعینہ واٹر ہیٹر الکٹرسٹی (وائرنگ) ضوابط کی مطابقت کے لیے اسے نصب کرنے کے لیے کسی رجسٹرڈ الکٹریکل کنٹریکٹر کی خدمات حاصل کریں۔ عمومی طور پر، پرانے ایگزاسٹ فین کی سرکٹس کو باتھ روم کو بجلی کی فراہمی کے لیے راست طو رپر استعمال نہیں کیا جاسکتا۔

- پورٹیبل ہیٹر کو چھت، ، کھڑکی یا دیوار پر نصب کروانا استعمال اور وائرنگ کے لحاظ سے بہتر ہے۔ اس سے کم جگہ استعمال ہوتی ہےاور اسے درست حالت میں نصب کیا جا سکتا، جبکہ باتھ روم کے آس پاس والی ساکٹس پورٹیل ہیٹر کو رکھنے کے لیے مناسب نہیں ہو سکتی۔

- زیر استعمال باتھ روم کے ہیٹر کے قریب جلنے والی اشیا (جیسے میگزین اور کپڑے) نہ رکھیں۔




# ایگزاسٹ فین



- گھومنے والی پتیوں کو چھونے سے ہونے والی زخم کے ممکنہ خطرے کو کم کرنے کے لیے،ایگزاسٹ فین کو ممکنہ حد تک اونچی جگہ پر نصب کرنا چاہیے۔ اگر آپ انہیں صرف پہنچ والی جگہ پر ہی نصب کر سکتے ہیں تو ایسا ماڈل منتخب کریں جو بلیڈ گارڈ (حفاظتی جالی) سے لیس ہوں۔
- ہلکی اشیا ( جیسے کاغذ، کپڑے اور پردے وغیرہ) ایگزاسٹ فین سے دور رکھیں، کیونکہ یہ فین کے اندر جا سکتے ہیں یا فین کوڈھانپ سکتے ہیں، جس کے نتیجے میں فین میں خرابی واقع ہو سکتی ہے یا یہ شدید گرم ہو سکتا ہے۔
- بچوں کو اپنی انگلیاں یا دوسری چیزیں ایگزاسٹ فین میں ڈالنے نہ دیں۔ کیونکہ وہ گھومنے والی پتیوں سے زخمی ہو سکتے ہیں، یا فین میں خرابی پیدا ہو سکتی ہے۔
- الکٹریکل اینڈ میکانیکل سروسز ڈپارٹمنٹ کے ذریعہ متعینہ واٹر ہیٹر الکٹرسٹی (وائرنگ) ضوابط کی مطابقت کے لیے ایگزاسٹ فین کو نصب کرنے کے لیے کسی رجسٹرڈ الکٹریکل کنٹریکٹر کی خدمات حاصل کریں۔






# الکٹرک اُسترا

- گیلی شیونگ کے لیے، اُسترے کو بجلی کے تار یا ٹرانسفارمرز کے ذریعے چارج کیے جانے کے دوران استعمال نہ کریں، کیونکہ ا س سے بجلی کے جھٹکے لگ سکتے ہیں۔ الکٹرک استرا استعمال کرنے قبل، اس کے استعمال کا طریقہ جاننے کے لیے پروڈکٹ کا مینول پڑھیں۔
- کسی ایسے الکٹرک استرے کو پانی میں نہ بھگوئیں جس کی واٹر پروف کے طور پر صراحت نہ کی گئی ہو۔





# عمومی گھریلو ماحول


دیوار گیر فرنیچر 61
کھڑکیاں 63
پردے کا تار 65
ڈیٹرجنٹ 67
باڈی وارمر 69
نو وولٹ والی بیٹری 71
بٹن سیل 73
ایکسٹینشن یونٹ 75
ساکٹ 77
ایڈاپٹر 79
کمپیکٹ فلوریسنٹ لیمپ 81
استری 83
ہوور (برقی جاروب کش) 85
اسٹیم کلینر 87
ڈیہومیڈیفائر 89
الکٹرک ہیٹر 91
واشنگ مشین 93
ٹمبل ڈرائر 95

# دیوار گیر فرنیچر



- دیوار والے کیبینیٹ صرف ایسی دیواروں پر نصب کریں جو اس کے وزن کو برداشت کر سکتی ہو یا مضبوط دیوار جیسے کنکریٹ والی دیواریں اور پتھر والی دیواریں ہوں۔ خلا والی اینٹوں، ریت والی اینٹوں یا ہلکی اینٹوں سے تعمیر دیواریں کیبینیٹ اور ان میں موجود چیزوں کو سہارا نہیں دے سکتیں۔
- بڑے کیبینیٹ یا بڑے وزن والی گنجائش رکھنے والے کیبینیٹس کو اینکر بولٹس کے ذریعے نصب کیا جائے۔
- کیبینیٹ کو صوفے، پلنگ یا دیگر ایسی چیزوں کے اوپر نہ لگوائیں، جہاں خاندان کے افراد اکثر قیام کرتے ہیں، کیونکہ ا س کے نتیجے میں حادثات واقع ہو سکتے ہیں۔
- دھات والی باروچی خانے کی اشیا، وزنی برتن اور دیگر وزنی اشیا کو دیوار گیر کیبینیٹ کے بجائے زمینی کیبینیٹ میں رکھیں۔
- یقینی بنائیں کہ کیبینیٹ میں چیزیں ترتیب کے ساتھ رکھی ہوئی ہیں، ایسا نہیں کہ ان میں سے اکثر ایک کنارے پر رکھی گئیں ہوں۔
- استعمال سے پہلے دیوار گیر کیبینیٹ کی وزن کی گنجائش کے بارے میں معلومات حاصل کریں، کیونکہ اس کے اندرکھی جانے والی اشیا اس حد سے تجاوز نہ کرے۔ کیبینیٹ پر بہت زیادہ بوجھ ڈالنے کے نتیجے میں یہ گر سکتے ہیں، جس کے نتیجے میں حادثات واقع ہو سکتے ہیں۔
- دیوار گیر کیبیٹ کو نہ کھینچیں یا اسے اس پر چڑھنے کے لیے استعمال نہ کریں، کیونکہ اایسا کرنے سے اس پر اضافی وزن پڑ سکتا ہے۔
- باقاعدگی کے ساتھ دیوار گیر کیبینیٹ کا معائنہ کرتے رہیں۔ اگر آپ کو کسی طرف جھکاؤ یا کیبینیٹ اور دیوار کے درمیان فاصلہ نظر آئے تو فوری طور پر کسی ٹیکنیشن سے رابطہ کر کے ا س کی مرمت کروائیں۔



# کھڑکیاں



- کھڑکیوں کے قریب پلنگ یا فرنیچر نہ رکھیں، کیونکہ بچے کھڑکیوں پر چڑھ سکتے ہیں، جس کے نتیجے میں حادثات واقع ہو سکتے ہیں۔

- مناسب فاصلوں کے ساتھ گرل والی کھڑکیاں نصب کرنی چاہیے (U.S. کنزیومر سیفٹی کمیشن (CPSC) کے مطابق، کھڑکی کی گرلز کا درمیانی فاصلہ 10 سینٹی میٹر سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے، جو کہ تقریباً 4 انچ ہے) تا کہ بچوں کا سر ان میں پھنسنے سے محفوظ رہے۔ حرکتی کھڑکی کی گرلز کو استعمال کے بعد ہمیشہ بند کریں۔ حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے یہ تکلیف اٹھانا بہتر ہے۔



# پردے کا تار




- اضافی لمبائی کو کاٹ کر، انہیں اچھی طرح تار کے وائنڈر میں رکھیں، یا انہیں دیوار پر موجود کنڈی پر لٹکا کر اس بات کو یقینی بنائیں کہ پردے کا تار بچوں کی پہنچ سے دور ہے۔ .U.S کنزیومر سیفٹی کمیشن کے مشورے کے مطابق بچوں والے گھر میں بنا تار والے پردے یا بلائنڈز استعمال کرنا بہتر ہے۔

- بچوں کو نائیلون رسی، تار، گردن کی رومال یا ریشمی اسکارف سے کھیلنے بالکل نہ دیں۔

- کھڑکیوں کے آس پاس فرنیچر رکھنے سے پرہیز کریں تا کہ بچوں کو پردے کو چھونے کا موقع نہ ملے۔ کوئی رسی یا تار (مثلا پردے کی رسی) کو بے بی کوٹ کے آس نہیں چھوڑنا چاہیے۔ چھوٹے بچے ان کے ساتھ کھیل سکتے ہیں، جس کے نتیجے میں ہلاکت خیز حادثات واقع ہو سکتے ہیں۔





# ڈیٹرجنٹ

- بچہ مزاحم ڈھکن والے بلیچ اور ڈٹرجنٹ خریدیں اور ان کے تعلق سے اضافی احتیاط برتیں۔ یقینی بنائیں کہ ہر استعمال کے بعد، ان کا ڈھکن اچھی طرح کس کر بند کیا گیا ہے۔ اگر ڈھکن کے اندر کرسٹل موجود ہوں تو حفاظتی کیپ کی ناقص کارکردگی کے تدارک کے لیے انہیں صاف کریں۔ ڈیٹرجنٹس، بشمول بلیچ کو کسی ٹھنڈی، خشک جگہ پر اور بچوں کی پہنچ سے دور رکھا جائے۔ حفاظت کو یقنی بنانے کے لیے، جس جگہ کیبینیٹ چائلڈ سیفٹی لاک کے ساتھ رکھا گیا ہے کیبینیٹ کو لاک کریں۔

- بلیچ کو کسی دوسرے ڈٹرجنٹ کے ساتھ ملانے سے ذیادہ صفائی کا اثر پیدا نہیں ہوتا۔ بلیچ کو تیزابی ڈٹنرجینٹ کے ساتھ ملانے سے کیمائی ردعمل واقع ہوتا ہے، جس سے فوری طور پر زہریلی کلورین گیس پیدا ہوتی ہے۔ اس گیس کے سانس کے ذریعے پیٹ میں جانے سے ناک، حلق، سانس کی نالی میں تکلیف اور پریشانی ہو سکتی ہے اور سانس لینے میں دشواری، متلی اور قے جیسی علامات لاحق ہو سکتی ہیں۔ اس کے نتیجے میں آنکھوں میں جلن، آنکھوں سے پانی نکلنا اور بصارت کی دھندھلاہٹ بھی واقع ہو سکتی ہے۔ زیادہ مقدار میں سرایت کے نتیجے میں، کلورین گیس پھیپڑے کے بافتوں کو شدید طور پر نقصان پہنچا سکتی ہے، جس کے نتیجے میں ہلاکت خیز حادثات واقع ہو سکتے ہیں۔

- گرم پانی کے ساتھ ڈٹرجنٹ استعمال کرنے سے زیادہ مضبوط نتیجہ یا ڈس انفیکشن واقع نہیں ہوتا۔ اگر پانی بہت گرم (40 درجہ سینٹی گریڈ سے زیادہ) ہو تو بلیچ میں موجود سوڈیم کلورائیڈ تحلیل ہوجائے گی، جس کے نتیجے میں اس صفائی کے اثر میں کمی واقع ہوگی۔ بلیچ کو عام پانی (کمرے کی درجہ حرارت) میں پتلا کرنا ہی کافی ہوتا ہے۔

- شیشے والے ڈٹرجنٹ استعمال کرتے وقت، حفاظت کے لیے جلنے والی اشیا کو دور کریں۔ مناسب ہواداری کو یقینی بنانے کے لیے، سگریٹ نوشی نہ کریں اور خوشبو دار مصنوعات کو نہ جلائیں۔






# باڈی وارمر

- بچوں یا بڑی عمر کے لوگوں پر مشتمل خاندانوں کے لیے، غیر استعمال شدہ قابل تلف باڈی وارمر کو رسائی سے دور رکھیں۔ باڈی وارمر کو کسی پیکیٹ کے ساتھ کسی بھی کھلی ہوئی جگہ، جیسے کھانا کھانے کی میز پر رکھنے سے پرہیز کریں۔
- قابل تلف باڈی وارمر کو نہ توڑیں، یا اس سے کھلواڑ نہ کریں یا باڈی وارمر کو قصداً نہ کھولیں۔ اگر آپ کو نظر آئے کہ اس سے مائع یا کوئی چیز باہر نکل رہی ہے فوری طور پر اسے استعمال کرنا روک دیں۔
- باڈی وارمر کو جلد یا زیر جامے کے اندر کے رکھنے کے بجائے کوٹ کے اندر منسلک کریں۔





# نو وولٹ والی بیٹری



- نو وولٹ والی بیٹریوں (مربع بیٹریوں کے بطور بھی معروف) کے مثبت اور منفی ٹرمنلز کافی قریب ہوتے ہیں انہیں اضافی احتیاط کے ساتھ رکھیں۔ انہیں دھاتی اشیا کے ساتھ رکھنے سے پرہیز کریں، کیونکہ ان دو ٹرمنلز کے درمیان رابطہ ہونے کے نتیجے میں بجلی کے جھٹکے لگ سکتے ہیں اور گرمی پیدا ہونے کے نتیجے میں آگ لگ سکتی ہے۔ کچھ صارفین بیٹریوں کو لا پرواہی سے لگیج، دستی بیگ، یا ڈراور میں دھاتی اشیا جیسے چابیوں، دھاتی پین، لائٹر، پن، بائنڈر اور سکوں کے ساتھ رکھ سکتے ہیں، جس کے نتیجے میں گرمی پیدا ہو کر آگ لگ سکتی ہے۔ بیٹریوں کو لگیج، ہینڈ بیگ یا ڈراور میں رکھنے سے پہلے، خصوصی پلاسٹک تھیلیوں میں بند کرنا یا بیٹری کے ٹرمنلز کو ٹیپ سے مہر بند کرنا سب سے بہتر ہے۔



# بٹن سیل



- بٹن سیل چھوٹے ہوتے ہیں، جو کھلونے کی طرح نظر آتے ہیں۔ انہیں ہمیشہ بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں۔ بٹن سیل کو حادثاتی طور پر نگلے جانے کی صورت میں، فوری طور پر ایکسیڈینٹ اینڈ ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ میں جا کرعلاج کروائیں۔ یہ سیل چند گھنٹوں کے اندر، اندرونی اعضا میں جلن کا سبب بن سکتے ہیں، اور یہ ہلاکت خیز بھی ہو سکتے ہیں۔



# ایکسٹینشن یونٹ



- ایکسٹینشنب یونٹ پر کبھی ایڈاپٹر استعمال نہ کریں اور نہ ہی ایڈاپٹر پر کوئی ایکسٹیشن یونٹ لگوائیں۔

- یقینی بنائیں کہ جملہ استعمال شدہ الکٹرک قوت 2,860 واٹ سے زیادہ نہیں ہے۔ اگر 13 امپئرز کا تین پنوں والا پلگ استعمال کیا گیا ہے، چاہیے یہ ایک یا دو ساکٹ والی چھوٹی سی ایکسٹینشن یونٹ ہی کیوں نہ ہو، جملہ استعمال شدہ بجلی 2,860 watts (W) = 220 volts (V)*13 amps (A) سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ مثال کے طور پر، اگر کم بجلی کی کھپت والے الکٹرانک آلات کے لیے، جس کا اوسط 200 واٹ ہے، ، تمام نو ساکٹ استعمال کی جائے تو جملہ 1800 واٹ بجلی کی کھپت واقع ہوتی ہے، اور 1000 واٹ بچ جاتا ہے۔ تاہم، اگر ان میں کوئی ایک ساکٹ کسی 2000 واٹ والی الکٹرک کیتلی، استری یا الکٹرک ہیٹر کے لیے استعمال کی جائے تو صرف 800 واٹ استعمال کے لیے دستیاب رہیں گے۔

- بے ترتیب ساکٹ سوراخوں والی ایکسٹینشن یونٹ استعمال کرنے سے پرہیز کریں، کیونکہ خراب کنکشن واقع ہو سکتا ہے۔ صرف حفاظتی معیارات (BS 1363) کی مطابقت کرنے والے ایکسٹینشن یونٹ ہی خریدیں۔

- گیلی جگہوں (غسل خانے) یا پانی کے قریب ایکسٹینشن یونٹ استعمال نہ کریں۔

- اگر آپ کو ایکسٹینشن یونٹ میں کسی نقص کا پتہ چلے تو فوری طور پر اسے استعمال کرنا روک دیں۔ یا تو اسے تبدیل کریں یا کسی ماہر ٹیکنیشین کے ذریعے اس کی مرمّت کروائیں۔



# ساکٹ



- یقینی بنائیں کہ تمام ساکٹ اندرونی سیفٹی شٹرز موجود ہے۔
- والدین کو چاہیے کہ وہ بچوں کو ساکٹس کے حفاظتی خطرات سے آگاہ کریں اور انہیں ساکٹس کو چھونے یا اس کے سیفٹی شٹرز کو دوسری چیزوں کے ذریعے کھولنے نہ دیں۔
- الکٹریکل اینڈ میکانیکل سروسز ڈپارٹمنٹ کے ذریعہ متعینہ واٹر ہیٹر الکٹرسٹی (وائرنگ) ضوابط کی مطابقت کے لیے ساکٹس کو نصب کرنے کے لیے کسی رجسٹرڈ ٹھیکہ دار کی خدمات حاصل کریں۔





# ایڈاپٹر



- بے ترتیب ساکٹ سوراخوں والے ایڈاپٹر یا ایکسٹینشن یونٹس کو مت خریدیں اور نہ ہی انہیں استعمال کریں۔ ہر ایڈاپٹر کا رُخ صرف ایک قسم کے پلگ کو استعمال کر سکتا ہو۔
- کبھی بھی کسی ایڈاپٹر پر ایکسٹینشن یونٹ استعمال نہ کریں، یا ایکسٹینشن یونٹ میں ایڈاپٹر نہ لگائیں۔



# کمپیکٹ فلوریسنٹ لیمپ



- ایسے کمپیکٹ فلوریسنٹ لیمپ کو نہ چھوئیں جو ایک طویل وقت سے آن ہوں، کیونکہ اس کے نتیجے میں ہاتھ جل سکتا ہے۔
- انکینڈیسنٹ لائٹ بلب کے مقابلے میں کمپیکٹ فلوریسنٹ لیمپ بڑا اور بھاری ہوتا ہے۔ لائٹ فٹنگ اگر کمپیکٹ فلوریسنٹ لیمپ کے وزن کو برداشت نہ کر سکتا ہو، خصوصاً متعدد بلب کی فٹنگ کو استعمال کرنے سے پہلے، اس کے وزن کی گنجائش کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔



# استری



- جب کپڑوں پر استری کر رہے ہوں اس وقت گرم استری کو ایک ہموار سطح پر رکھیں۔
- پانی ڈالنے سے پہلے، ہمیشہ پلگ نکالیں۔
- استری کا استعمال ختم ہونے کے بعد اسے ٹھنڈا ہونے کے لیے، ایک ہموار سطح پر بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں۔



# ہوور (الکٹرک جاروب کش)



- ہوور عموماً مضبوط دم کھینچنے کی طاقت رکھتے ہیں۔ بچوں کو ان کے ساتھ کھیلنے نہ دیں یا ہوز، نوزل یا دم کھینچنے کو دہانے سر کے قریب، خصوصاً آنکھوں اور کانوں کے قریب لے جانے نہ دیں۔

- گرم ہوا کھینچنے یا جلتی ہوئی اشیا جیسے راکھ کو کھینچنے سے پرہیز کریں۔ خصوصی ماڈلز کے علاوہ، ہوورز کو پانی کھینچنے کے لیے استعمال نہیں کرنا چاہیے۔



# اسٹیم کلینر



- اس بات کا مشورہ دیا جاتا ہے کہ بجلی کے جھٹکوں سے بچنے کے لیے، اس قسم کے زیادہ بجلی کی کھپت کرنے والے آلات کو آزادانہ ارتھڈ ساکٹ کے ساتھ منسلک کر کے استعمال کیا جائے۔ پروڈکٹ مینول میں دی گئی تنصیب کاری اور استعمال کی ہدایات پر عمل کرنا بھی ضروری ہے۔

- اسٹیم کیلنر کو استعمال کرنے سے پہلے، پروڈکٹ مینول کا مطالعہ کریں اور ہدایات پر عمل کریں۔ اسٹیم کلینر کے اسٹیم کے دہانے، پانی کے ٹینک اور ہوز کنکٹر کو مت چھوئیں، کیونکہ وہ گرم ہو سکتے ہیں۔



# ڈیہومیڈیفائر



- ڈی ہیومیڈیفایئر کے لیے زیادہ الکٹرک قوت درکار ہوتی ہے اور اس کے ساتھ دیگر الکٹرک قوت آلات کا اشتراک نہ کریں، کیونکہ اس سے ساکٹ اوور لوڈ ہو جائے گی۔
- ڈیہومیڈیفائر کو استعمال کرنے سے پہلے، اسے ایک ہموار اور مستحکم سطح پر رکھیں اور یقینی بنائیں کہ ٹھنڈا کرنے کے لیے کافی جگہ موجود ہے۔ آلات کو شدید گرم ہونے سے روکنے کے لیے، ہوائی سوراخ کو کھلا چھوڑیں۔
- ڈیہومیڈیفائر کو غسل خانے میں یا ایسے کپڑوں کے نیچے جن سے پانی ٹپکتا ہو، بالکل نہ رکھیں۔
- ڈیہومیڈیفائر کو طویل وقت تک چلنے کے لیے نہ چھوڑیں، کیونکہ اس سے یہ بہت زیادہ گرم ہو سکتا ہے، اور حادثات کا خطرہ پیدا ہو سکتا ہے۔
- ڈیہومیڈیفائر کے سوراخوں کو صاف کریں تا کہ دھول سرد کاری اور موصل کاری کو متاثر نہ کرے۔





# الکٹرک ہیٹر



- الکٹرک ہیٹر کے لیے عموماً زیادہ بجلی (2500 واٹ یا زیادہ) کی ضرورت ہوتی ہے اور اسے کسی دوسرے زیادہ بجلی کی کھپت کرنے والے الکٹرک آلات کے کے ساتھ بجلی کے ماخذ سے اشتراک نہیں کرنا چاہیے۔ نصب شدہ الکٹرک ہیٹر استعمال کرنے کے لیے (کوئی ساکٹ کی ضرورت نہیں ہے، الکٹریکل اینڈ میکانیکل سروسز ڈپارٹمنٹ کے ذریعہ متعینہ واٹر ہیٹر الکٹرسٹی (وائرنگ) ضوابط کی مطابقت کے لیے اسے نصب کرنے کے لیے کسی رجسٹرڈ الکٹریکل کنٹریکٹر کی خدمات حاصل کریں۔

- آئیل سے بھرے الکٹرک ہیٹرز وزنی ہوتے ہیں۔ اگر انہیں زیادہ جھکایا جائے تو وہ گر سکتے ہیں، جس سے قریب موجود بچوں کے ساتھ حادثات پیش آنے کا خطرہ پیدا ہوسکتا ہے۔ ہیٹر کے گرم کرنے والے عوامل بہت گرم ہو سکتے ہیں اور یہ باہر سے دکھائی نہیں دیتے۔ محتاط رہیں، اور انہیں استعمال نہ کریں، کیونکہ ان سے جلن ہو سکتی ہے۔

- آگ لگنے کے خطرے کو کم کرنے کے لیے، خصوصی ماڈلز کو چھوڑ کر، دیگر الکٹرک ہیٹرز کے ذریعے کپڑوں کو سکھانے سے پرہیز کریں۔

- اگر آپ کو ہیٹ کے ساتھ کسی غیر معمولی مسائل کا سامنا ہو، جیسے بہت گرم ہونا یا آئیل کا خارج ہونا تو فوری طور پر اس کا استعمال روک دیں اور کسی ماہر ٹیکنیشن کے ذریعے اس کی مرمت کروائیں۔



# واشنگ مشین



- والدین کو چاہیے کہ وہ بچوں کو واشنگ مشین کے حفاظتی خطرات سے آگاہ کریں۔ بچوں کو چاہیے کہ وہ یہ بات جانیں کہ وہ تجسس کی وجہ سے مشین کا ڈھکن نہ کھولیں یا واشنگ مشین کے اندر ہاتھ نہ ڈالیں۔ اور نہ ہی انہیں واشنگ مشین کو ایک چھپنے کی جگہ کے طور پر استعمال نہیں کرنا چاہیے۔
- واشنگ مشین کا استعمال ختم ہونے کے بعد یقینی بنائیں کہ تمام پانی خالی ہو گیا ہے۔ پانی جمع کر کے نہ رکھیں اور نہ ہی اس میں کپڑے ڈبائیں۔ یقینی بنائیں کے استعمال کے بعد واشنگ مشین کا دروازہ یا ڈھکن بند ہے۔
- واشنگ مشین کے قریب کرسیاں یا صندوق رکھنے سے پرہیز کریں، کیونکہ بچے اس کے اوپر چڑھنے کے لیے انہیں استعمال کر سکتے ہیں۔
- بچوں کو واشنگ مشین کے قریب اکیلا نہ چھوڑیں۔ گھر پر بڑوں کا صرف موجود ہونا ہی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے کافی نہیں ہے۔ چھوٹے بچوں کے سلسلے میں ہمیشہ احتیاط برتیں۔
- واشنگ مشین کے زیر استعمال ہونے کے دوران، جلنے والی یا کیمیائی اشیا جیسے کیڑے مار دوا یا تھینر کو واشنگ مشین کے قریب نہ رکھیں۔





# ٹمبل ڈرائر

- اسپنج، لیٹکس، ربر یا موم یا آئیل کے دھبوں والی اشیا یا ڈرائی کلین کرنے والے سیال اشیا پر مشتمل کپڑے یا اشیا ٹمبل ڈرائر میں نہ ڈالیں، کیونکہ گرم ہونے پر، وہ پگھل سکتے ہیں، انہیں آگ لگ سکتی ہے یا ان سے زہریلی گیسیں بھی خارج ہو سکتی ہے۔
- ٹمبل ڈرائر کے قریب کرسیاں یا صندوق رکھنےسے پرہیز کریں، کیونکہ بچے اس کے اوپر چڑھنے کے لیے انہیں استعمال کر سکتے ہیں۔
- ٹمبل ڈرائر کا استعمال ختم ہونے کے بعد ہمیشہ اس کے ڈھکن کو بند کریں اور پلگ نکالیں، تاکہ بچے یا پالتو جانور اس میں نہ جائیں۔
- بچوں کو ٹمبل ڈرائر کے قریب تنہا چھوڑ کر نہ جائیں۔ والدین کو چاہیے کہ وہ بچوں کو ٹمبل ڈرائر کے حفاظتی خطرات سے آگاہ کریں۔ بچوں کو چاہیے کہ وہ یہ بات جانیں کہ وہ تجسس کی وجہ سے ٹمبل ڈرائر کا ڈھکن نہ کھولیں یا ٹمبل ڈرائر کے اندر ہاتھ نہ ڈالیں۔ اور نہ ہی انہیں ٹمبل ڈرائر کو ایک چھپنے کی جگہ کے بطور استعمال نہیں کرنا چاہیے۔
- ٹمبل ڈرائر کے استعمال میں ہونے کے دوران، جلنے والی یا کیمیائی اشیا جیسے کیڑے مار دوا یا تھینر کو ٹمبل ڈرائر کے قریب نہ رکھیں۔
- ٹمبل ڈرائر کے سوراخوں کو صاف رکھیں۔ استعمال سے پہلے، یقینی بنائیں کی فلٹر مناسب طور پر صاف ہے۔ باقاعدگی سے ٹمبل ڈرائر کے سوراخوں کا معائنہ کریں اور جمع شدہ دھاگوں یا روئی وغیر ہ کو ہٹائیں۔ فلٹر یا ڈکٹ میں بہت زیادہ دھاگوں یا روئی وغیرہ کو جمع ہونے سے ٹمبل ڈرائر کے اندر ہوا کی روانی متاثر ہوسکتی ہے۔ شدید معاملات میں، ڈرائر شدید گرم ہو سکتا ہے اور اس میں آگ لگ سکتی ہے۔





30

衞生署

Department of Health

جون، 2019